**Shabbir / Fazil**

**06-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کے پاس تخلیقی صلاحیت کا غیر معمولی ذخیرہ موجود ہے، جسے Content کی تخلیق کے ایک عالمی مرکز کے طور پر ملک کی پوزیشن کو مستحکم بنانے کیلئے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

2- سرکار نے کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن اور مرکزی داخلہ سکریٹری گووِند موہن کے عہدے کی مدت میں ایک سال کی توسیع کردی ہے۔

3- جھارکھنڈ میں بھرتی کے امتحانات میں بے ضابطگیوں کے معاملے پر طلبا نے اپنا احتجاج تیز کردیا ہے۔

4- اتراکھنڈ سرکار نے ریاست میں موسلادھار بھارش کی پیشگوئی کے تناظر میں متعلقہ ایجنسیوں سے سخت چوکسی برتنے کو کہا ہے۔

5- بھارت نے سری لنکا پر زور دیا ہے کہ وہ بھارتی ماہی گیروں اور اُن کی کشتیوں کو جلد چھوڑنے کیلئے تعاون کرے جنھیں اُس کے حکام نے پکڑ رکھا ہے۔

6- اور بھارت نے خلیج کے بحران کے دوران آبنائے ہرمز سے 60 بحری جہازوں کو بحفاظت باہر نکالا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Netflix Co-CEO'

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی قصہ گوئی کی مالامال روایت رہی ہے اور ملک میں تخلیقی صلاحیتوں والے افراد کی بڑی تعداد ہے، جس کا استعمال مواد کی تخلیق کے شعبہ میں ملک کی پوزیشن ایک عالمی مرکز کے طور پر مضبوط کرنے میں کیا جا سکتا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے بتایا کہ انہوں نے نئی دلّی میں Netflix کے شریک سی-ای-او Ted Sarandos سے ملاقات کی۔

وزیر اعظم نے یہ بھی بتایا کہ مذکورہ میٹنگ کے دوران، انہوں نے بھارت کے میڈیا اور تفریحی شعبے کی زبردست صلاحیت پر تبادلۂ خیال کیا۔

گزشتہ سال نئی دلی میں Content Creators کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اُن سے کہا تھا کہ وہ بھارت کے قصے اور کہانیوں کو دنیا کے ساتھ ساجھا کریں۔

PM Modi on Content

اس دوران، Netflix India نے کہا کہ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے بھارت کی میڈیا اور تفریحی صنعت کو عالمی سطح پر پہنچانے کے مشترکہ ویژن پر تبادلۂ خیال کیا۔ Netflix India نے قصہ گوئی سے متعلق پہل کے آغاز کا بھی اعلان کیا۔ اس پہل میں سرمایہ کاری کا مقصد انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کریئیٹیو ٹکنالوجیز IICT اور نیشنل فلم ڈولپمنٹ کارپوریشن NFDC کے ساتھ شراکت داری اور صلاحیت سازی کے ذریعے بھارت کے تخلیقی صلاحیت والے افراد کی اگلی نسل کو فروغ دینا ہے۔×

Cabinet Serretary Tenure

سرکار نے، کابینہ سکریٹری ڈاکٹر ٹی وی سومناتھن کے عہدے کی مدّت میں ایک سال کی توسیع کر دی ہے۔ تقرری سے متعلق کابینہ کمیٹی نے اس کی منظوری دی ہے۔ اس طرح وہ اس مہینے کی 30 تاریخ سے مزید ایک سال تک کابینہ سکریٹری کے فرائض انجام دیں گے۔

کابینہ کمیٹی نے داخلہ سکریٹری گووند موہن کے عہدے کی مدّت میں بھی ایک سال کی توسیع کی منظوری دی ہے۔×

Parliament Today

لوک سبھا میں، ایوان کے آج کے کام کاج میں Taxation اور دیگر قوانین میں ترمیم سے متعلق بل 2026 غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ مذکورہ بل کا مقصد ادائیگیوں اور تصفیے کے 2007 کے ایکٹ، انکم ٹیکس ایکٹ 2025 اور فائننس ایکٹ 2026 میں ترمیم کرنا ہے۔

اُدھر راجیہ سبھا میں اخراجات سے متعلق بل نمبر 3 غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جانا ہے۔ لوک سبھا اسے پہلے ہی منظور کر چکی ہے۔×

Jharkhand Student Protest

جھارکھنڈ میں، بھرتی امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر طلبا نے اپنا احتجاج تیز کر دیا ہے۔
جھارکھنڈ آسمبلی کے آج سے شروع ہونے والے مانسون اجلاس سے قبل 2 خواتین سمیت احتجاج کرنے والے 5 افراد جھارکھنڈ لوک تانترک کرانتی کاری مورچے کے لیڈر دویندر ناتھ مہتو کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں، جو پچھلے 4 دن سے بھوک ہڑتال پر ہیں۔

مہتو کی بلڈ شوگر اور بلڈ پریشر کافی کم ہونے کے تناظر میں اُن کی صحت تشویش کا معاملہ بن گئی ہے۔
ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے زور دے کر کہا ہے کہ اُن کی سرکار طلبا کے مسائل حل کرنے کی پابند ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ اُن کی سرکار پوری سنجیدگی کے ساتھ اس معاملے پر کام کر رہی ہے۔جناب سورین نے یہ بھی کہا کہ متعلقہ ایجنسیاں دن رات تفتیش کا کام کر رہی ہیں اور قصوروار افراد کو جیلوں میں بھیجا جا رہا ہے۔ رانچی کے، جۓ پال سنگھ مُنڈا اسٹیڈیم میں جھارکھنڈ پبلک سروس کمیشن JPSC اور جھارکھنڈ اسٹاف سلیکشن کمیشن JSSC اصلاحات منچ کے پرچم تلے احتجاج 25 جولائی کو شروع ہوا تھا۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ بار بار کی اپیلوں کے باوجود کسی طرح کی ٹھوس کارروائی کرنے میں سرکار کے ناکام رہنے کے بعد اُنہیں ایجی ٹیشن کرنے کا راستہ اختیار کرنا پڑا۔ یہ مظاہرین 14 ویں جھارکھنڈ PSC سِول سروسز امتحان منسوخ کیے جانے اور بھرتی کے امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں کی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ×

Uttarakhand Rain

اتراکھنڈ میں، رُک رُک کر بارش ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ دہرادون، چمولی اور باگیشور میں اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ وارننگ کے مدِنظر دہرادون اور کچھ دیگر ضلعوں میں بارہویں کلاس تک کے سبھی اسکولوں اور آنگن واڑھی مراکز میں آج چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔
اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی انتظامیہ اور بازآبادکاری محکمے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔
انہوں نے سبھی متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ لگاتار بارش ہونے اور ریاست کے بعض حصوں میں موسلادھار بارش کے امکان کے مدِنظر سخت چوکسی برتیں۔
انھوں نے SDRF، NDRF، ضلع انتظامیہ اور دیگر ایجنسیوں سے کہا ہے کہ وہ قریبی تال میل قائم رکھیں اور کسی بھی طرح کی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر راحت اور بچاؤ کارروائی کو یقینی بنائیں۔
وہاں کے باشندوں اور سیاحوں کو یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کریں اور کسی بھی طرح کے سفر پر باہر نکلنے سے پہلے موسم اور سڑک راستوں کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کریں۔

ہم نے ریاست میں ہائی الرٹ جاری کیے جانے کے بارے میں قدرتی آفات سے پیدا صورتحال سے نمٹنے اور بازآبادکاری محکمے کے سکریٹری ونود کمار سُمن سے بات کی۔

S/B - 0815 Vinod - IMD

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD

دلّی کے بعض حصوں میں بھی آج صبح بارش ہوئی۔ موسمیات محکمے کے مطابق قومی راجدھانی میں آج دن میں بھی کچھ مقامات پر اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔x

Keralam Rain

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ کیرالم کے سبھی ضلعوں میں شدید بارش کا سلسلہ آج اور کل بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔ کاسرگوڑ، Kannur، Idukki، اِرناکُلم، کوٹایم، Alappuzha اور پٹنم تھٹا ضلعوں میں کہیں کہیں بہت تیز بارش کے امکان کے مدِّنظر اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ دیگر سبھی سات ضلعوں کے لئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔x

Assam Nadda

مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ آسام میں موجودہ سیلاب سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے اور معمول کے حالات بحال کرنے میں وقت لگے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے متعین کیے جانے پر صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے شیو ساگر ضلعے کے Nepalikhuti علاقے کا دورہ کیا، جو سیلاب کی موجودہ لہر میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والے خطّوں میں سے ایک ہے۔ وہاں یہ سیلاب 19 جولائی کو آیا تھا۔

آسام میں سیلاب کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ مزید 6 اموات کے ساتھ مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 95 تک پہنچ گئی ہے۔ 14 ضلعوں میں ایک لاکھ 60 ہزار سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔

جناب نڈّا نے کل شام ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بِسوا سرما کے ساتھ اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ کی اور متاثرہ لوگوں کیلئے مرکز کی طرف سے ہرممکن امداد کا یقین دلایا۔

جناب نڈّا نے بتایا کہ وزیر اعظم نے اُنہیں برسرِ موقع حالات کا جائزہ لینے کیلئے متعین کیا ہے اور انہوں نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ تفصیل سے سیلاب کے اثرات پر تبادلۂ خیال کیا ہے۔x

Foreign Secy Sri Lanka

بھارت نے سری لنکا پر زور دیا ہے کہ وہ بھارتی ماہی گیروں اور اُن کی کشتیوں کو جلد چھوڑنے میں تعاون کرے، جنھیں اُس کے حکام نے پکڑ رکھا ہے۔ ساتھ ہی بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ طویل عرصے سے چلے آرہے اس معاملے سے نمٹنے کیلئے انسانی ہمدردی کا رویہ اختیار کیا جانا چاہیے۔

سری لنکا کے رہنماؤں کے ساتھ خارجہ سکریٹری وکرم مسری کے تبادلہ خیال کے دوران یہ معاملہ خاص طور پر زیرِ غور آیا۔ جناب مسری ایک دن کے دورے پر کل کولمبو پہنچے تھے۔ انھوں نے سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake، وزیراعظم Harini Amarsuriya، وزیر خارجہ Vijitha Herath اور خارجہ سکریٹری Aruni Ranaraja کے ساتھ الگ الگ ملاقات کی۔ ماہی گیروں کا معاملہ، بھارت اور سری لنکا کے درمیان تعلقات میں ایک اہم معاملہ رہا ہے۔x

Indian Vessels Hormuz

سرکار نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاء کے خطّے میں سکیورٹی کی صورتحال کشیدہ ہونے کے باوجود آبنائے ہُرمز سے 60 مال بردار بحری جہازوں کو بحفاظت باہر نکالا گیا۔ پارلیمنٹ میں ایک سوال کے جواب میں سرکار نے یہ بھی بتایا کہ خلیج کے خطّے سے تین ہزار 972 بھارتی ملاحوں کو واپس لایا گیا۔ ساتھ ہی بحران سے نمٹنے سے متعلق دن رات کام کرنے والے نظام کے ذریعے لوگوں کے مشکل میں گھِرے ہوئے حالات کے تعلق سے فون کالز اور Emails پر کارروائی کی گئی۔ x

Iran US

ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے معاملے پر Oman کے ساتھ سمجھوتہ طے کرنے کا کام حتمی مرحلے میں ہے۔ اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اِس ہفتے سمجھوتے کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ ایسا ہونے پر اہمیت کی حامل آبی گزرگاہ پھر سے کھل جائے گی، عالمی معیشت پر دباؤ کم ہوجائے گا اور جنگ کے خاتمے میں مدد ملے گی، لیکن ایران کی بندرگاہوں پر امریکہ کی ناکہ بندی ہٹانے کے تعلق سے اِس میں غیر یقینی کی کیفیت کا امکان ہے۔

ٹرمپ انتظامیہ نے اِس سے قبل ایسے کسی بھی معاہدے کے امکان کو رد کردیا تھا، جس سے آبنائے ہرمز پر ایران کی گرفت مضبوط ہوسکتی ہو، جو امریکہ کیلئے ایک بڑے نقصان کے مترادف ہوگا اور عالمی ضابطوں سے بھی انحراف ہوگا۔ ایران نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر کنٹرول کے کچھ اقدامات پر یہ کہتے ہوئے اصرار کیا ہے کہ وہ ایک کھلی بین الاقوامی آبی گزرگاہ کے تعلق سے پیچھے نہیں ہٹے گا، جیسا کہ یہ جنگ سے پہلے تھی۔

امریکی کانگریس کے انتخابات سے قبل جنگ کے خاتمے کیلئے صدر ٹرمپ پر دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔

اُدھر ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسمٰعیل بقائی نے کہا ہے کہ Oman کے ساتھ سمجھوتہ طے کرنے کا کام آخری مرحلے میں ہے اور بظاہر امریکہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اگر بعض فریق اِس عمل میں رکاوٹ نہیں ڈالتے تو ایک مشترکہ بیان جاری کیا جائے گا۔x

## Hiroshima Atomic Anniversary

آج دنیا بھر میں Hiroshima، جاپان میں کیے گئے ایٹمی بم حملے کے متاثرین کو یاد کیا جا رہا ہے۔ اس حملہ کے نتیجے میں ہزاروں کی تعداد میں افراد فوری طور سے ہلاک ہو گئے تھے اور سال 1945 کے آخر تک 1 لاکھ 40 ہزار ہلاکتیں ہوئی تھیں۔ آج صبح Peace Memorial پارک میں منعقد ایک تقریب میں اس سانحہ کو یاد کیا گیا اور اس کی یاد میں تھوڑی دیر کیلئے خاموشی اختیار کی گئی۔ اس یادگاری مقام پر ایک دستاویز کو بھی رکھا گیا، جس میں 3 لاکھ 53 ہزار 639 متاثرین کے نام درج ہیں۔ اس تقریب میں شامل رہنماؤں نے نیوکلیائی ہتھیاروں کو ختم کرنے کی اپیل ہے، جس کی اس حملے میں بچ جانے والے افراد پُرزور وکالت کرتے ہیں۔ ان افراد کو Hibakusha کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس حملے کے 3 دن بعد Nagasaki پر ایٹمی حملہ کیا گیا تھا، جس کے بعد دوسری جنگ عظیم ختم ہو گئی تھی۔x

## India Pakistan

بھارت نے پاکستان کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ اپنے قبضے والے جموں کشمیر کے علاقے میں خون خرابہ بند کرے اور اپنی سرزمین پر کام کرنے والے دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف ٹھوس، معتبر اور پختہ کارروائی کرے، نیز اُن سبھی بھارتی علاقوں کو فوری طور پر خالی کرے، جن پر اُس نے جبراً اور غیر قانونی طریقے سے قبضہ کر رکھا ہے۔

نام نہاد یومِ استحصال کے تعلق سے پاکستان کے وزیر خارجہ کے تبصرے پر میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ڈھونگ، دکھاوے اور بناوٹی اقدامات سے دنیا کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا۔ بھارت نے نام نہاد یومِ استحصال منانے کی پاکستان کی کوششوں کو واضح طور پر مسترد کر دیا ہے۔

S/B - Randhir Jeswal

جناب جیسوال نے کہا کہ جموں کشمیر اور لداخ کے مرکز کے زیر انتظام علاقے بھارت کا اٹوٹ حصہ ہیں اور رہیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 5 اگست کو 2019 کو، جو آئینی تبدیلیاں کی گئی تھیں، وہ بھارت کا پوری طرح اندرونی معاملہ ہے۔×

BSP MLA Passes Away

بہوجن سماج پارٹی (BSP) سے MLA، اماشنکر سنگھ کل شام طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ جناب سنگھ اترپردیش کے بلیا ضلع میں Rasra سیٹ سے MLA تھے۔ ان کی عمر 55 سال تھی اور وہ برین ٹیومر کیلئے نئی دلی کے ایک نجی اسپتال میں زیر علاج تھے، جہاں انہوں نے اپنی آخری سانسیں لیں۔

اماشنکر سنگھ 403 رکنی اترپردیش اسمبلی میں BSP کے واحد قانون ساز تھے۔ پہلے وہ Rasra سے 2012 میں منتخب ہوئے تھے، جس کے بعد 2017 اور 2022 کے انتخابات میں بھی وہ اس حلقے سے جیتنے میں کامیاب رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، BSP سربراہ مایاوتی اور سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے ان کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا اور ان کے خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔×

JR Men National Hockey

ہاکی میں کل تمل ناڈو کے شہر کوئمبٹور میں جاری 16ویں بھارتی جونیئر مردوں کی قومی چیمپئن شپ کے ڈویژن 'اے' مقابلوں میں اڈیشہ، پنجاب، جھارکھنڈ اور مدھیہ پردیش کی ٹیمیں اپنے کوارٹر فائنل میچ جیت کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ پنجاب نے کرناٹک کو پانچ-دو سے، اڈیشہ نے ہریانہ کو پانچ-ایک سے ہرایا، جھارکھنڈ نے اترپردیش کو تین-تین سے برابری کے بعد شوٹ آؤٹ میں شکست دی، جبکہ مدھیہ پردیش نے دادرا اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کو سات-صفر سے ہرایا۔

آج کے سیمی فائنل میچوں میں اڈیشہ کا مقابلہ پنجاب سے جبکہ جھارکھنڈ کا مدھیہ پردیش سے ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ - نتیکا

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے سبھی اردو اخبارات نے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کی دلّی میں پہلی پریس کانفرنس کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ نے سابق وزیر اعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے ''چاہے جو بھی ہو جائے اپنے لوگوں کے پاس جاؤں گی۔'' یہ وہ بنگلہ دیش نہیں ہے، جو ہم نے بنایا تھا۔

سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بُک سے وزیر اعظم نریندر مودی کا ایک ویڈیو بنانے کے معاملے میں مارک زکربرگ نے حکومت سے معافی مانگی۔ یہ خبربھی اخبارات میں نمایاں ہیں۔

یو پی اسمبلی کا مانسون اجلاس قبل از وقت غیر معینہ مدّت کیلئے، ملتوی، حکومت نے اپوزیشن پر عوامی فلاحی امور پر بحث روکنے کا الزام عائد کیا ہے۔ انقلاب نے اس خبر کو قومی صفحے پر جگہ دی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ آبنائے ہُرمز میں محفوظ بحری راستے پر ایران اور عمان متفق۔
☆ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکے گا: ڈونلڈ ٹرمپ کا بیان۔
☆ ایران جنگ میں امریکہ کے 80 فیصد سے زائد دفاعی میزائل ختم ہو چکے ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی رپورٹ میں دعویٰ۔
☆ روس کا کیف پر حملہ، یوکرین میزائلوں کو روکنے میں ناکام، 21 افراد ہلاک، 45 زخمی۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کے پاس تخلیقی صلاحیت کا غیر معمولی ذخیرہ موجود ہے، جسے Content کی تخلیق کے ایک عالمی مرکز کے طور پر ملک کی پوزیشن کو مستحکم بنانے کیلئے بروئے کار لایا جا سکتا ہے۔

2- سرکار نے کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن اور مرکزی داخلہ سکریٹری گووِند موہن کے عہدے کی مدت میں ایک سال کی توسیع کردی ہے۔

3- جھارکھنڈ میں بھرتی کے امتحانات میں بے ضابطگیوں کے معاملے پر طلبا نے اپنا احتجاج تیز کردیا ہے۔

4- اتراکھنڈ سرکار نے ریاست میں موسلادھار بھارش کی پیشگوئی کے تناظر میں متعلقہ ایجنسیوں سے سخت چوکسی برتنے کو کہا ہے۔

5- بھارت نے سری لنکا پر زور دیا ہے کہ وہ بھارتی ماہی گیروں اور اُن کی کشتیوں کو جلد چھوڑنے کیلئے تعاون کرے جنھیں اُس کے حکام نے پکڑ رکھا ہے۔

6- اور بھارت نے خلیج کے بحران کے دوران آبنائے ہرمز سے 60 بحری جہازوں کو بحفاظت باہر نکالا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------